RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۵ — مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۹ شوال سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء — جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

بنظر پرورش حسب استدعا کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج ریاست معروضہ ۲۶ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء نمبر ۲۴۷ کوتہ حوالدار یوسف علیخان ولد اسد علیخان فرسٹ بٹالین امپیریل سروس انفنٹری کمپنی نمبر جمعدار کیا گیا جبتک جگہ خالی نہیں ہے ڈبل سے زیادہ رہیگا

اور یہ جمعدار ٹرانسپورٹ کے سامان وغیرہ کا انتظام کریگا اور مہتمم و نگران رہیگا۔ عملدرآمد ۲۶ر ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء سے ہونا چاہئے۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۷ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت یکماہ صاحب سپرنٹنڈنٹ چھاپہ خانہ من ابتدا ۲۰ر اکتوبر لغایت ۱۹ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء بوجہ علالت و تبدیل آب و ہوا منظور فرمائی گئی۔ اس عرصہ مین پرچہ کا کام صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص کرینگے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست رخصت مزید پندرہ یوم منشی شریف احمد منصرم بندوبست منظور کی گئی۔

۱۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت رعایتی یکماہ اشرف علیخان نائب تحصیلدار حضور تحصیل منظور کی گئی۔ اور حکم ہوا کہ آئندہ اگر درخواست مزید رخصت کی اس سلسلہ مین پیش ہوگی تو بوضع تنخواہ رخصت ملیگی۔ رعایتی نہین ملیگی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۸ر ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم رخصت رعایتی

پانچ ماہ بنابر سفر حج عبدالغفار خان پیشکار متعینہ عدالت اسسٹنٹی درجہ اول منظور ہے۔ ایام رخصت پیشکار مذکور مین حسب راے صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول منشی رام سروپ اہلمد پیشکاری کا کام انجام دیگا اور رام سروپ اپرنٹس کی بجاے اہلمد کے تقرری کی اسوجہ سے منظوری نہین دیجاتی کہ وہ اپرنٹس باضابطہ نہین ہے جسنے رجسٹر امیدواران مین نام اسکا دیکھا کہین درج نہین ہے۔ ایسے شخص کا جو بلا حکم ہو کام کرنا خلاف قاعدہ ہے۔ لہذا بجاے رام سروپ اہلمد نور احمد اپرنٹس جو عدالت اسپشل مجسٹریٹ مین کام کر رہا ہے بشاہرہ دس روپیہ ماہوار تا زمانہ رخصت پیشکار عدالت اسسٹنٹی درجہ اول مین مقرر کیا جاے۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام جاری ہون۔ حکم منظوری رخصت منسلک روبکار ہذا ہے۔

[illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

مثل ناصیہ درخواست حیات بخش المتخلص رسا

دربارہ عطاے سند درجہ اول

چونکہ سائل کو بموجب حکم ۴ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء سند وکالت درجہ اول دیئے جانیکا حکم ہو چکا ہے۔ لہذا ایک ایک نقل اسکی عدالت ججی و خفیفہ مین بھیجی جاوے اور ایک نقل درج گزٹ ہو

[illegible]

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۱۶ر اکتوبر لغایتہ ۲۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰	۰	۱۲۰ار	۱۳ار	۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۰	۰	۱۵ار	۱۵ار	۰	
نخود کسہ آمیز	۰	۰	۰	۱۷۰ار	۱۵ار	۰	
کسہ	۰	۰	۰	۰	۱۵ار	۰	
ماش	۰	۰	۰	۸ار	۸ار	۰	
مونگ	۰	۰	۰	۰	۸ار	۰	
مکا	۰	۰	۰	۲۰ار	۲۰ار	۰	
جئی	۰	۰	۰	۱۷۰ار	۱۸ار	۰	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۲۰ار	۰	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
برنج	۰	۰	۰	۷ار	۷ار	۰	
روغن زرد	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
روغن سیاہ	۰	۰	۰	۰	[illegible]	۰	
روغن کنجد	۰	۰	۰	۰	۱۰ار	۰	
نمک سانبھر	۰	۰	۰	۳ار	۱۳ار	۰	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۲۰ار	۰	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۵ار	۵ار	۰	
باجرہ				۰	۰	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور